# 11-03-2026 URDU NEWS BULLETIN 17.50 HRS

سرخیاں

۱۔تلنگانہ ریاست ثقافتی دولت، عظیم روایات اور غیر معمولی ترقی کی علامت ہے۔ یہ بات آج نئی ذمہ داریاں سنبھالنے والے ریاستی گورنر شیوا پرتاپ شکلا نے کہی۔

۲۔اسپیکر گڈم پرسا د کمار نے ایم ایل ایز دانا ناگیندر اور کڈیم سری ہری کے خلاف دائر نااہلی کی عرضیوں کو خارج کر دیا۔

۳۔مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں کانگریس حکومت میں جمہوریت کو ہر قدم پر بے عزتی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔

اور

۴۔بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے ایم ایل ایز دانم ناگیندر اور کڈیم سری ہری کو اسپیکر کی جانب سے کلین چٹ دینے کے فیصلہ پر ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے اس فیصلہ کو جمہوریت پر کھلا حملہ قرار دیا۔

Governor Oath

تلنگانہ کے نئے گورنر کے طور پر شیو پرتاپ شکلا نے اپنے عہدہ کا حلف لیا۔ حیدرآباد کے لوک بھون میں منعقد ہوئی تقریب میں ہائی کورٹ کے چیف جسٹس آ پریش کمار سنگھ نے حلف دلایا۔ گورنر نے تلگو میں حلف لیا۔ اس تقریب میں وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی، نائب وزیر اعلیٰ ملو بھٹی وکرامارکہ، اسمبلی کے اسپیکر گڈم پرساد کمار، قانون ساز کونسل کے چیرمین گتہ سکھیند ر ریڈی کے علاوہ ریاستی وزرأ، ارکان پارلیمنٹ، ارکانِ اسمبلی اور مختلف سیاسی جماعتوں کے اہم قائدین نے

شرکت کی جبکہ حکومت کے عہدیداروں میں ریاستی چیف سکریٹری راما کرشنا راؤ، ڈی جی پی شیودھر ریڈی اور دیگر عہدیداروں نے شرکت کی۔

Sound Byte Governor

KTR

بی آر ایس کے کارگزار صدر کے ٹی آر نے ایم ایل ایز دانم ناگیندر اور کڈیم سری ہری کو اسپیکر کی جانب سے کلین چٹ دینے کے فیصلہ پر سخت ردِعمل ظاہر کیا ہے۔ انہوں نے اس فیصلہ کو جمہوریت پر کھلا حملہ قرار دیا۔ کے ٹی آر نے کہا کہ کانگریس کے امیدواروں کے خلاف مقابلہ کر کے جیتنے والوں کو اب کلین چٹ دینا عوام کے فیصلہ کی توہین کے مترادف ہے۔ انہوں نے برہمی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اس طرح کا فیصلہ پارٹی تبدیل کرنے کے عمل کی حوصلہ افزائی کرتا ہے اور جمہوری تاریخ میں اسے ایک سیاہ دن کے طور پر یاد رکھا جائے گا۔ انہوں نے الزام لگایا کہ اقتدار میں موجود افراد اپنے مفادات کے لئے آئینی اداروں کا غلط استعمال کر رہے ہیں۔ کے ٹی آر کے مطابق اس طرح کے اقدامات سے اداروں پر عوام کا اعتماد متاثر ہوتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام سب کچھ دیکھ رہے ہیں اور مناسب وقت پر ضرور جواب دیں گے۔

Disqualification Petitions Dismissed

اسپیکر گڈم پرساد کمار نے ایم ایل ایز دانم ناگیندر اور کڈیم سری ہری کے خلاف دائر نااہلی کی عرضیوں کو خارج کر دیا۔ اسپیکر نے کہا کہ پارٹی تبدیل کرنے سے متعلق شواہد موجود نہیں ہیں ۔تلنگانہ کی سیاست میں شدید سنسنی پیدا کرنے والی ایم ایل ایز کی نااہلی کی عرضیوں پر اسپیکر گڈم پرساد کمار نے اہم فیصلہ سنایا۔ انہوں نے کہا کہ ایم ایل ایز دانم ناگیندر اور کڈیم سری ہری کے

پارٹی تبدیل کرنے کے واضح ثبوت موجود نہیں ہیں۔اس کے بعد دونوں کے خلاف دائر کی گئی دو عرضیوں کو خارج کر دیا گیا، جس سے انہیں راحت ملی ہے۔سپریم کورٹ کی مقررہ مدت کے مطابق 12 مارچ تک فیصلہ دینا ضروری تھا۔اس سے قبل 8 دیگر ارکان اسمبلی کو دی گئی کلین چٹ کی طرز پر ہی اب ان دونوں کو بھی راحت فراہم کی گئی ہے۔اس فیصلے کے بعد واضح ہو گیا ہے کہ مجموعی طور پر دس ایم ایل ایز کے خلاف نااہلی کی کارروائی نہیں ہوگی۔یہ تمام ایم ایل ایز بی آر ایس کے نشان پر جیت کر بعد میں کانگریس میں شامل ہو گئے تھے۔ان کے خلاف کارروائی کا مطالبہ کرتے ہوئے بی آر ایس کے رہنماؤں نے ہائی کورٹ اور سپریم کورٹ سے رجوع کیا تھا۔

Sound Byte Danam Nagender

Ponnam Prabhakar

ریاستی وزیر پرنم پربھاکر نے کریم نگر ضلع کے مرکز بائی پاس کے قریب ڈمپنگ یارڈ کا معائنہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ کریم نگر کے عوام کو گزشتہ چند سالوں سے مسائل پیدا کرنے والے ڈمپنگ یارڈ کے کچرے کو منتقل کرنے کیلئے مستقل طور پر اس مسئلہ کا حل نکالا جائے گا۔اس موقع پر انہوں نے بات بھی کی۔

Sound Bye Ponnam Prabhakar

Kavuri Samba Siva Rao

سابق مرکزی وزیر و بی جے پی کے لیڈر کاوری سامبا شیوا راؤ کا ہاسپٹل میں علاج کے دوران آج انتقال ہوگیا۔ان کے انتقال پر مرکزی وزیر کشن ریڈی نے اپنے گہرے دکھ کا اظہار کیا اور ارکانِ خاندان سے تعزیت کا اظہار کیا۔

## Kavitha - Deeksha

کھمم کے ویلگو مٹلا اراضی کے متاثرین کی تائید میں تلنگانہ جاگروتی کی صدر کویتا کی جانب سے منظّم کی جانے والی غیر معینہ مدت کی بھوک ہڑتال تیسرے دن میں داخل ہوگئی ہے۔ حیدرآباد کے جاگروتی دفتر میں یہ ہڑتال جاری ہے۔ اس موقع پر کویتا نے کہا کہ متاثرین کو انصاف ملنے تک وہ اپنی ہڑتال جاری رکھیں گی۔ انہوں نے کہا کہ اس معاملہ میں حکومت کی جانب سے تیقن ملنے تک وہ ہڑتال پر ہی رہیں گی۔ انہوں نے متاثرین کو انصاف فراہم کرنے اور حکومت کی جانب سے منہدم کئے گئے مکانات کی جگہ پر نئے مکانات تعمیر کرنے پر زور دیا۔

## Health Department Board

ریاستی محکمہ صحت کے سرویس تقررات کے بورڈ نے کل 692 افراد کے ساتھ سیول اسسٹنٹ سرجن پروینجنل میرٹ فہرست کو جاری کیا ہے۔ فی الوقت انستھیسیا، گیاناکالوجی، پڈیاٹری اسپیشلسٹ پوسٹوں سے متعلق تفصیلات کو جاری کیا گیا ہے جبکہ دیگر محکموں کی فہرست کو جلد ہی جاری کرنے کا اعلان کیا۔ امیدواروں کا انتخاب ایک ایک اعشاریہ پانچ کے تناسب سے عمل میں لانے کا عہدیداروں نے اعلان کیا۔ میرٹ فہرست میں شامل امیدواروں کے دستاویزات کی جانچ اس مہینہ کی 12 اور 13 تاریخ کو حیدرآباد کے ونگل راؤ نگر ہیلتھ اینڈ فیملی ویلفیئر انسٹیٹیوٹ میں ہوگی۔ مقررہ تاریخ میں حاضر نہ ہونے والے امیدواروں کیلئے 16 تاریخ کو اپنے دستاویزات پیش کرنے کا آخری موقع فراہم کیا گیا ہے۔ اہل امیدوار تفصیلات کیلئے بورڈ کے ویب سائٹ سے اپنی تفصیلات معلوم کرسکتے ہیں۔

Moist

چھتیس گڑھ کے جگدل پور میں آج 108 ماؤسٹوں نے خودسپردگی اختیار کرلی جن میں 44 خواتین ماؤسٹ بھی شامل ہیں۔ان ماؤسٹوں پر جملہ 3 کروڑ 29 لاکھ کا انعام کا اعلان کیا گیا تھا۔خودسپردگی اختیار کرنے والے ماؤسٹوں کی اطلاعات پر مختلف مقامات پر عسکریت پسندوں کی جانب سے چھپائے گئے مختلف ہتھیاروں کو بھی پولیس نے ضبط کرلیا جن میں سات اے کے 47 رائفل اور 4 لائٹ مشن گن اور 11 بیارل گرائنڈ لانچرس سمیت 101 ہتھیار شامل ہیں۔اس کے علاوہ ماؤسٹوں کی جانب سے ایک مقام پر چھپائے گئے تقریباً تین کروڑ 60 لاکھ روپیوں کی نقد رقم اور ایک کلو سونا بھی ضبط کرلیا گیا۔سرکاری ذرائع کے مطابق یکم جنوری 2024ء سے بستر ڈویژن میں جملہ 2 ہزار 625 ماؤسٹوں نے خودسپردگی اختیار کرتے ہوئے عوامی دھارے میں شامل ہوئے ہیں۔

Accepted

ایر مارشل راہول بھاسن اس مہینہ کی 9 تاریخ کو ایر مارشل پروین کیشو اوہرا سے دنڈیگل ایرفورس اکیڈیمی کمانڈنٹ کے طور پر اپنی ذمہ داری سنبھال لی ہے۔ یہ بات محکمہ دفاع کے عہدیداروں نے بتایا۔ایر مارشل بھاسن جون 1990ء میں ہندوستانی فضائیہ کے فائٹر شعبہ میں شامل ہوئے تھے اور مختلف فائٹر طیاروں پر ان کو 3 ہزار 500 گھنٹوں تک طیاروں کا تجربہ حاصل ہے۔

PIB

تمباکو نوشی کے نقصانات کے بارے میں عوام میں بیداری پیدا کرنے کے لئے میڈیا کو موثر کردار ادا کرنا چاہیئے۔ یہ بات مختلف مقررین نے کہی۔ ’نو اسموکنگ ڈے‘ کے موقع پر آج حیدرآباد کے کواڈی گوڑہ میں واقع پریس انفارمیشن بیورو (پی آئی بی) کے زیر اہتمام میڈیا کیلئے

ایک آ گاہی پروگرام منعقد کیا گیا۔اس موقع پر تمبا کونوشی کے نقصانات، نو اسموکنگ ڈے کی اہمیت اور تمبا کونوشی کی روک تھام میں میڈیا کے کردار جیسے موضوعات پر پی آئی بی حیدرآباد کی ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل شروتی پاٹل، ڈپٹی ڈائرکٹر ڈاکٹر مانس کرشنا کانت، عالمی ادارہ صحت کے کنسلٹنٹ ڈاکٹر شری گنا،قومی تپ دق (ٹی بی) کے خاتمہ کے پروگرام کے آئی ای سی افسر ایس جتیندرا، تمبا کو مخالف رضا کار اور ٹو بیکو کنٹرول ہیرو ایوارڈ یافتہ ماچنا رگھونندن سمیت دیگر نے خطاب کیا۔اس پروگرام میں میڈیا کے نمائندوں کے علاوہ پی آئی بی اور سینٹرل بیورو آف کمیونی کیشن (سی بی سی) کے افسران اور عملہ نے بھی شرکت کی۔

Governor

تلنگانہ ریاست ثقافتی دولت، عظیم روایات اور غیر معمولی ترقی کی علامت ہے۔ یہ بات آج نئی ذمہ داریاں سنبھالنے والے ریاستی گورنر شیو اپرتاپ شکلا نے کہی۔اپنے پیغام میں انہوں نے کہا کہ تلنگانہ کے عوام کی خدمت کرنا ان کے لئے فخر اور خوش قسمتی کی بات ہے۔گورنر نے کہا کہ تلنگانہ عوام کی امیدوں اور حوصلہ کی علامت ہے۔عوام کی مضبوط عزم، ریاست کے وافر وسائل اور حکمت عملی پر مبنی وژن ریاست کی ہمہ جہت ترقی اور پائیدار پیش رفت کے لئے مضبوط بنیاد فراہم کرتے ہیں۔انہوں نے وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کی قیادت میں کام کرنے والی تلنگانہ حکومت اور کابینہ کے ارکان کو دلی مبارکباد پیش کی۔گورنر نے اپیل کی کہ ہم سب مل کر تلنگانہ کے عوام کی امنگوں کو پورا کریں اور جمہوری اقدار اور آئینی مقاصد کا احترام کرتے ہوئے آگے بڑھیں۔گورنر شیو اپرتاپ شکلا نے کہا کہ وہ اپنی ذمہ داریوں کو دیانت داری، انصاف پسندی اور ہندوستان کے آئین کے مطابق مکمل لگن کے ساتھ انجام دیں گے۔

Seminar

ڈاکٹر بی آر امبیڈکر اوپن یونیورسٹی کے شعبہ کامرس اور بزنس مینجمنٹ کے زیر اہتمام 'پائیدار ترقی کیلئے کاروباری تبدیلی' کے موضوع پر دوروزہ قومی سیمینار اس ماہ کی 13 اور 14 تاریخ کو منعقد کیا جائے گا۔ یہ بات حکام نے ایک بیان میں بتائی۔ شعبہ کے ڈین پروفیسر آنند پوار نے کہا کہ اس سمینار کا مقصد ایک قومی تعلیمی پلیٹ فارم فراہم کرنا ہے، جہاں اس بات کا جائزہ لیا جائے گا کہ جدید کاروباری ماڈلز، انتظامی طریقہ اور تکنیکی اختراعات کس طرح معاشی، سماجی اور ماحولیاتی چیلنجوں کا موثر حل پیش کرسکتی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ اس سیمینار میں چھ تکنیکی سیشنس کے ذریعہ مختلف موضوعات پر تفصیلی مباحث کئے جائیں گے۔ دوروزہ اس قومی سیمینار میں ملک بھر سے نامور ماہرین تعلیم اور صنعتی شعبہ کے ماہرین شرکت کریں گے۔

Kishan Reddy

مرکزی وزیر کشن ریڈی نے کہا ہے کہ تلنگانہ میں کانگریس حکومت کے دور میں جمہوریت کو ہر قدم پر بے عزتی کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دانم ناگیندر اور کڈیم سری ہری جیسے پارٹی بدلنے والے ارکان اسمبلی کو تلنگانہ اسمبلی کے اسپیکر کی جانب سے کلین چٹ دینا دراصل تلنگانہ کے عوام کے فیصلہ کی توہین ہے۔ کشن ریڈی نے کہا کہ اس معاملے میں جس طرزِ عمل کو ماضی میں بی آر ایس حکومت نے اختیار کیا تھا، اب کانگریس حکومت بھی اسی روش کو جاری رکھی ہوئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ان دونوں جماعتوں کی سوچ اور طرزِ حکمرانی میں کوئی فرق نظر نہیں آتا۔

Bhati

نائب وزیر اعلیٰ بھٹی وکرامارکہ نے کہا ہے کہ حکومت بھودان کے متاثرہ خاندانوں کو تمام تر مدد فراہم کرے گی۔انہوں نے کہا کہ دسمبر 9 کو کانگریس لیڈر سونیا گاندھی کی یوم پیدائش کے موقع پر وزیر اعلیٰ ریونت ریڈی کے ہاتھوں غریبوں کو مکانات کی فراہمی کا افتتاح کیا جائے گا۔ نائب وزیر اعلیٰ نے آج کھمم کلکٹریٹ میں 311 بھودان متاثرہ خاندانوں میں پٹہ جات تقسیم کئے اس موقع پر انہوں نے بات بھی کی۔

Sound Byte

اس تقریب ریاستی وزراپی سرینواس ریڈی اور ٹی ناگیشور راؤ نے شرکت کی۔

OO